# آزاد جموں و کشمیر انٹرمیڈیٹ و ثانوی تعلیمی بورڈ میرپور

## نوٹیفکیشن :

اعلان کیا جاتا ہے کہ بورڈ ہذا کے زیر اہتمام منعقد ہونیوالے امتحان انٹر میڈیٹ پارٹ اوّل/ دوم ( کمپوزٹ )/ السنہ شرقیہ (ادیب/ فاضل ) اورمیڈیکل ٹیکنالوجی گروپس سالانہ 2022، کاانعقاد 18 جون 2022 کو متوقع ہے۔اس امتحان کے لیے پرائیویٹ/ ریگولرداخلہ فارم کی تکمیل بذیل شیڈول کے مطابق Online سسٹم کے ذریعے ہوگی۔لہذ اس امتحان میں شرکت کے خواہشمند ریگولرادارہ جات کے سربراہان اور پرائیویٹ طلباء و طالبات بورڈ ہذا کی ویب سائٹ www.ajkbise.edu.pk/www.ajkbise.net سے رجوع کریں۔امتحانی فیس کی ادائیگی کیلئے صرف Online کمپیوٹرائزڈ چالان ہی استعمال کرنا ہوگا۔لہذ اشیڈول کے مطابق امتحانی فیس/ پروسیسنگ فیس صرف Online کمپیوٹرائزڈ فیس چالان پر ہی جمع کروائیں۔HBL آزادکشمیر کی تمام برانچز امتحانی فیس جمع کرنے کی مجاز ہیں۔

## شیڈول برائے Online وصولی فیس امتحان انٹرمیڈیٹ/ السنہ شرقیہ/ میڈیکل ٹیکنالوجی گروپس سالانہ 2022

| **انٹرپارٹ دوم** /کمپوزٹ/ میڈیکل ٹیکنالوجی ریگولر/ پرائیویٹ امیدواران کے لئے | | **انٹر پارٹ اول** / السنہ شرقیہ/ میڈیکل ٹیکنالوجی ریگولر/ پرائیویٹ اُمیدواران کے لئے | |
|---|---|---|---|
| سنگل فیس کے ساتھ | 07-03-2022 تا 06-04-2022 | سنگل فیس کے ساتھ | 15-03-2022 تا 07-04-2022 |
| دوگنا فیس کے ساتھ | 07-04-2022 تا 16-04-2022 | دوگنا فیس کے ساتھ | 08-04-2022 تا 16-04-2022 |
| تین گنا فیس کے ساتھ | 17-04-2022 تا 25-04-2022 | تین گنا فیس کے ساتھ | 17-04-2022 تا 25-04-2022 |

## فارم ہادا خلہ کی ہارڈ کا پیز وصولی کا شیڈول

| **انٹرپارٹ دوم** /کمپوزٹ/ میڈیکل ٹیکنالوجی ریگولر/ پرائیویٹ امیدواران کے لئے | | **انٹر پارٹ اول** / السنہ شرقیہ/ میڈیکل ٹیکنالوجی ریگولر/ پرائیویٹ اُمیدواران کے لئے | |
|---|---|---|---|
| سنگل فیس کے ساتھ ہارڈ کا پیز کی وصولی کی آخری تاریخ | 11-04-2022 | سنگل فیس کے ساتھ ہارڈ کا پیز کی وصولی کی آخری تاریخ | 12-04-2022 |
| دوگنا فیس کے ساتھ ہارڈ کا پیز کی وصولی کی آخری تاریخ | 21-04-2022 | دوگنا فیس کے ساتھ ہارڈ کا پیز کی وصولی کی آخری تاریخ | 21-04-2022 |
| تین گنا فیس کے ساتھ ہارڈ کا پیز کی وصولی کی آخری تاریخ | 30-04-2022 | تین گنا فیس کے ساتھ ہارڈ کا پیز کی وصولی کی آخری تاریخ | 30-04-2022 |

| | |
|---|---|
| **تاخیری جرمانہ** | ریگولر فارم داخلہ (ہارڈ کاپی) وصولی در بورڈ پہلا مرحلہ -/2000 روپے، دوسرا مرحلہ -/3000 روپے جبکہ تیسرا مرحلہ -/4000 روپے اوراسی طرح مزید مراحل میں -/1000 روپے اضافہ کے ساتھ وصول کیا جائیگا۔<br>پرائیویٹ اُمیدوراان کا فارم داخلہ (ہارڈ کاپی) وصولی در بورڈ پہلا مرحلہ -/500 روپے، دوسرا مرحلہ -/1000 روپے جبکہ تیسرا مرحلہ -/1500 روپے اوراسی طرح مزید مراحل میں -/500 روپے اضافہ کے ساتھ وصول کیا جائیگا۔ |

## اشراح فیس ہادا خلہ

(ریگولر اُمیدواران کے لیے)

| گروپ | پارٹ اوّل | پارٹ دوم | کمپوزٹ |
|---|---|---|---|
| سائنس | 1430 | 1430 | 2540/= |
| علم وادب اور کامرس | 1370 | 1370 | 2420/= |
| میڈیکل ٹیکنالوجی | 4390 | 4390 | 8460/= |

(پرائیویٹ اُمیدواران کے لیے)

| گروپ | پارٹ اوّل | پارٹ دوم | کمپوزٹ |
|---|---|---|---|
| سائنس | 1490 | 1490 | 2660/= |
| علم وادب اور کامرس | 1430 | 1430 | 2540/= |
| میڈیکل ٹیکنالوجی | 4390 | 4390 | 8460/= |
| السنہ شرقیہ = (ادیب/ فاضل) | 1550/= | | |

رجسٹریشن فیس کل =/1520 روپے (رجسٹریشن فیس -/1000+ سندفیس -/200+ پروسیسنگ فیس -/320 روپے)

## Online داخلہ کے سلسلہ میں خصوصی ہدایات

1 جو اُمیدواران پہلے سے انٹرمیڈیٹ/ السنہ شرقیہ کے لیے رجسٹرڈ نہیں ہیں اور وہ پہلی مرتبہ پرائیویٹ طور پر امتحان انٹر پارٹ اوّل/ دوم/ السنہ شرقیہ میں شرکت کر رہے ہیں وہ داخلہ فیس و پروسیسنگ فیس کے علاوہ رجسٹریشن فیس کل =/1520 روپے (رجسٹریشن -/1000+ سندفیس -/200+ پروسیسنگ فیس -/320 روپے) جمع کروائیں گے۔

2 ریگولر اُمیدواران کے فارم داخلہ کی (ہارڈ کاپیز) متعلقہ ادارہ کے پرنسپل جبکہ پرائیویٹ اُمیدواران کے فارم داخلہ کی (ہارڈ کاپیز) درج ذیل آفیسران ہی تحت قواعد تصدیق کرنے کے مجاز ہیں:۔

i۔ آزادکشمیر کی علاقائی حدود میں واقع سرکاری ہائی سکولز کے صدر معلمین/ صدر معلمات، پرنسپل صاحبان/ صاحبات کالجز/ ہائیر سیکنڈری سکولز/ پروفیسرز/ لیکچرز ماہرین مضامین صاحبان/ صاحبات۔

ii۔ آفیسر کمانڈنگ (صرف فوجی اُمیدواران کے لیے) iii۔ سپرنٹنڈنٹ جیل (صرف قیدیوں کے لیے)

3 انٹر پارٹ اوّل/ دوم/ السنہ شرقیہ (Languages) سالانہ 2022ء میں شرکت کرنے والے پرائیویٹ اُمیدواران کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ بورڈ کی ویب سائٹ سے اپنا داخلہ فارم اور فیس پرت Online فیڈ کریں اور پرنٹ (A-4 کاغذ) حاصل کرنے کے بعد کمپیوٹرائزڈ فیس چالان کے ذریعے فیس داخلہ HBL کی برانچز میں جمع کروا کر اصل چالان فیس (بورڈ کاپی) پرت کے ساتھ چسپاں کر کے ہمراہ فارم داخلہ (ہارڈ کاپی) بعداز دستخط امیدوار اور تصدیق مجاز آفیسر بورڈ ہذا کوارسال کریں اور داخلہ فارم کی (فوٹو کاپی) اپنے ریکارڈ میں ضرور رکھیں۔

4 ری ایڈمیشن سے متعلق ریگولر اُمیدواران اپنا سابقہ رول نمبر فیڈ کر کے داخلہ فارم Online فیڈ کر سکتے ہیں۔

5 ریگولر اُمیدواران کے لیے تمام ادارے اپنے Online Account کے ذریعے رجسٹریشن کی طرح پہلے سے فیڈ شدہ رجسٹرڈ اُمیدواران کے ایڈمیشن فارمز کے مضامین گروپ وائز batches بنائیں گے۔ادارہ اپنی مرضی سے ایک یا ایک سے زائد batches بنا سکتا ہے۔batch بنانے کے بعد صرف کمپیوٹرائزڈ چالان پر ہی فیس جمع کروانا ہوگی۔

6 تمام سربراہان ادارہ جات کو ہدایت کی جاتی ہے کہ ڈیٹا کو verify کرنے کے بعد ہی Admission batches بنائیں۔بصورت دیگر batch کو Delete کرنے کی فیس مبلغ -/1000 روپے HBL کی برانچز میں جمع کروا کر اصل چالان بورڈ کوارسال کرنے کے بعد ہی batch delete ہوسکتا ہے۔

7 سربراہان ادارہ جات ریگولر فارم دخلہ جات Online فیڈ کر کے پرنٹ حاصل کرتے وقت (داخلی تخمینی گریڈ فارم) بھی بورڈ کی ویب سائٹ سے Download کریں اور گریڈ فارم حسب سابق مکمل کرنے کے بعد ہمراہ (ہارڈ کاپی) فارم داخلہ بعداز تصدیق/ مہر ثبت کر کے دفتر بورڈ کوارسال کریں۔

8 سربراہان ادارہ جات تمام ایڈمیشن فارمز کا پرنٹ حاصل کر کے بعداز تصدیق بورڈ ہذا میں بمعہ چالان وایڈمیشن ریو نیو لسٹ کا پرنٹ ارسال کریں گے۔

9 جن طلباء/ طالبات کا ایڈمیشن سربراہان ادارہ جات ریگولر نہیں بھیجنا چاہتے وہ اپنے Online Account سے ان تمام سٹوڈنٹس کو Deactive کریں گے اور Deactive کرنے کے بعد ہی اُمیدواران پرائیویٹ طور پر فارم Download کر کے پرنٹ حاصل کر سکیں گے۔

Scanned with CamScanner

10 ایڈمیشن فارم کا پرنٹ/ ہارڈ کاپی اُسی وقت نکالی جائے جب کسی اُمیدوار کے کوائف/مضمون یا تبدیلی گروپ کے تمام کالم مکمل ہو چکے ہوں۔ اگر ایڈمیشن فارم کا پرنٹ بورڈ کو بھیج دیا گیا ہو اور بعد میں گروپ/مضمون کی تبدیلی کرنی ہو تو دوبارہ درخواست ہمراہ فیس چالان بورڈ میں بھیجنا ہوگی۔ بصورت دیگر غلطی کی ذمہ داری ادارہ/ طالبعلم پر ہوگی۔ کسی بھی قسم کا **Manual** فارم قابل قبول نہیں ہے۔

11 علم وادب گروپ کے پرائیویٹ اُمیدواران مضمون **فزیکل ایجوکیشن اور کامرس گروپ** کے پرائیویٹ اُمیدواران مضمون **کمپیوٹر سٹڈیز** اختیار کر سکتے ہیں۔ اس **کیٹیگری** کے حامل اُمیدواران فیس (سائنس گروپ) کی ادا کریں گے۔ تاہم پرائیویٹ امیدواران متذکرہ مضامین کے علاوہ عملی امتحان کے حامل دیگر مضامین اختیار کرنے کے مجاز نہیں ہیں۔

12 کوئی اُمیدوار جس مضمون/ مضامین میں ذریعہ امتحان/ میڈیم (انگلش) اختیار کرنا چاہے تو اس کی منظوری کے لیے درخواست مجوزہ فارم پر ہمراہ فارم داخلہ الگ سے ارسال کریں۔ بصورت دیگر دفتر ہٰذا ذمہ دار نہ ہوگا نیز فارم ہا داخلہ پر بھی ذریعہ امتحان/ میڈیم (انگلش) درج کرنا ضروری ہوگا۔

13 اُردو لازمی کی بجائے پاکستانی کلچر کا تحت قواعد وہی اُمیدواران امتحان دینے کے اہل ہیں جو غیر ملکی شہریت کے حامل ہوں یا پاکستانی شہریت کے حامل ایسے اُمیدواران جو مسلسل آخری 3 سال بیرون ملک رہے ہوں بشرطیکہ ہر دو **کیٹیگریز** کے اُمیدواران نے میٹرک سطح تک اُردو لازمی نہ پڑھا ہو۔ ایسے اُمیدواران کی پاسپورٹ کی (مصدقہ نقول) درخواست کے ساتھ شامل کر کے قبل از وقت منظوری حاصل کی جائے اور منظوری کی کاپی فارم داخلہ (ہارڈ کاپی) کے ساتھ شامل کی جائے اور فارم داخلہ (ہارڈ کاپی) کے متعلقہ کالم میں نشاندہی کی جائے نیز **IBCC** سے ایکولینس سرٹیفکیٹ حاصل کر کے مصدقہ کاپی فارم داخلہ کی (ہارڈ کاپی) کے ساتھ شامل کی جائے۔

14 تبدیلی گروپ فیس **2000/-** روپے اور تبدیلی مضامین **1000/-** روپے فی مضمون مقرر ہے۔ تبدیلی گروپ/ مضامین کا پروسیس **Online** ہوگا اور داخلہ فیس جمع کرواتے وقت اسی چالان پر یہ فیس بھی جمع کروانا ہوگی۔

15 **other boards** سے متعلق پرائیویٹ اُمیدواران میٹرک پاس کرنے کے ایک سال بعد انٹر پارٹ اوّل میں جبکہ میٹرک پاس کرنے کے دو سال بعد (**کمپوزٹ**) پارٹ اوّل و دوم میں شامل ہو سکیں گے جس کے لیے انہیں فارم داخلہ کی (**ہارڈ کاپیز**) کے ہمراہ اصل (**NOC**) مائیگریشن سرٹیفکیٹ + رزلٹ کارڈ کی مصدقہ نقول اور **verification** فیس مبلغ **1000/-** روپے مقرر ہے جو داخلہ فارم کے چالان پر ہی جمع ہوگی۔

16 ریگولر طلباء وطالبات کی رول نمبر سلپس امتحان کے آغاز سے ایک ہفتہ قبل سربراہان ادارہ جات اپنے ادارہ کے **Online Account** سے حاصل کر سکیں گے۔ تاہم پرائیویٹ اُمیدواران اپنے رجسٹریشن نمبر/ ایپ نمبر کے ذریعے رولنمبر سلپس **Online** بورڈ کی ویب سائیٹ سے حاصل کر سکیں گے۔

17 ہر فیس داخلہ میں کشمیر لبریشن سیس مبلغ **2/-** روپے شامل ہیں۔

**Online** ایڈمیشن سے متعلقہ معلومات کے لیے ان نمبرز پر رابطہ کریں **05827-960070-71** جبکہ امتحانی قواعد سے متعلق معلومات کے لیے **05827-960006** اور **05827-960042 Ext 117,141** پر رابطہ کریں۔

| **نوٹ** | پارٹ اوّل/ دوم/ کمپوزٹ/ ریگولر/ پرائیویٹ/ السنہ شرقیہ اُمیدواران کے لیے **Online** ایڈمیشن کی ہدایات فروری <u>2022</u>ء میں ایک کتابچہ کی صورت میں بورڈ کی ویب سائٹ **www.ajkbise.edu.pk/www.ajkbise.net** پر دستیاب ہوں گی اور با آسانی **Download** کر کے پرنٹ کی جا سکیں گی۔ |
|---|---|

05-03-2022

عتیق الرحمٰن چودھری

**کنٹرولر امتحانات کالجز**

**05827-960006**

نمبر بورڈ/ انٹر/ 1409-2207/ **2022**/ مورخہ 5/3/2022

## نقل بالا بخدمت:

1 سیکریٹری صاحب ہمراہ جناب صدر ریاست جموں وکشمیر مظفر آباد۔
2 پرنسپل سیکریٹری صاحب ہمراہ جناب وزیر اعظم (**کنٹرولنگ اتھارٹی بورڈ**) آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفر آباد۔
3 پرائیویٹ سیکریٹری صاحب ہمراہ جناب چیف سیکریٹری آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفر آباد۔
4 جناب سیکریٹری ہائیر ایجوکیشن آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفر آباد۔
5 جناب سیکرٹری ایلیمنٹری وسیکنڈری ایجوکیشن آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفر آباد۔
6 جناب ناظم اعلیٰ تعلیمات سکولز مردانہ/ نسواں/ ٹیکنیکل آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفر آباد۔
7 جناب سیکریٹری اطلاعات آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفر آباد۔
8 جناب سیکریٹری پبلک سروس کمیشن آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفر آباد۔
9 جناب ناظم اعلیٰ تعلیمات کالجز آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفر آباد۔
10 سیکریٹری صاحب انٹر بورڈ کمیٹی آف چیئرمین (**IBCC**) اسلام آباد (پاکستان)۔
11 کنٹرولر صاحبان/ صاحبات امتحانات تعلیمی بورڈ راولپنڈی/ بہاولپور/ ملتان/ لاہور/ ساہیوال/ فیصل آباد/ گوجرانوالہ/ سرگودھا/ ڈیرہ غازی خان/ سکھر/ حیدر آباد/ ثانوی بورڈ کراچی/ انٹر بورڈ کراچی/ پشاور/ ایبٹ آباد/ کوئٹہ/ سوات/ بنوں/ کوہاٹ/ فیڈرل بورڈ اسلام آباد/ آرمڈ سروسز بورڈ ہائیر ایجوکیشن **G.H.Q** راولپنڈی/ آزاد کشمیر یونیورسٹی مظفر آباد/ **MUST** میرپور۔
12 ڈویژنل ڈائریکٹر صاحبان/ صاحبات سکولز/ کالجز میرپور، مظفر آباد، پونچھ ڈویژن۔
13 پرنسپل صاحبان/ صاحبات کالجز/ ہائیر سیکنڈری سکولز آزاد کشمیر۔
14 ڈسٹرکٹ انفارمیشن آفیسر صاحب میرپور بغرض اشاعت بطور خبر۔
15 ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر صاحبان/ صاحبات (سیکنڈری) آزاد کشمیر (میرپور/ بھمبر/ کوٹلی/ مظفر آباد/ ہٹیاں بالا/ نیلم/ سدھنوتی/ پونچھ/ باغ/ حویلی کہوٹہ)۔
16 **منیجر صاحب HBL مین بازار برانچ میرپور مرسل ہو کر تحریر ہے کہ اپنی برانچز کو مطلع کرتے ہوئے مطابقاً کارروائی کی ہدایت فرمائیں۔**
17 منیجر صاحبان **HBL** جملہ برانچز آزاد کشمیر۔
18 ریجنل ڈائریکٹر صاحب آزاد کشمیر ریڈیو میرپور/ مظفر آباد/ تراڑکھل/ ڈائریکٹر صاحب **FM** ریڈیو بالائی منزل لعل دین پلازہ **F/1** میرپور آزاد کشمیر۔
19 نمائندہ صاحب **JK/APP/PTV/GEO** نیوز میرپور بغرض اشاعت خبر۔
20 نمائندہ صاحب روزنامہ جنگ/ نوائے وقت/ پاکستان/ خبریں/ اوصاف/ جموں وکشمیر/ عدالت/ روشنک/ شاہین/ کشمیر نامہ/ صدائے چنار/ کشمیر ایکسپریس/ کشمیر ٹائمز/ اُڑان میرپور بغرض بطور خبر۔
21 داخلی تقسیم/ متعلقہ مسل/ آفس ریکارڈ/ نوٹس بورڈ۔

Scanned with CamScanner